URDU

2023-24 ء سالانہ نوٹس برائےسروے ، ریکارڈز، نصاب ، رازداری اور متعلقہ حقوق اورعلیحدگی کے فارمز

فئیر فیکس کاؤنٹی اسکول بورڈ نے طالبعلم اور خاندان کی رازداری کے تحفظ کا تہیہ کررکھا ہے اور چاہتا ہے کہ تمام والدین اپنے حقوق اور اُن طریقوں سے آگاہ ہوں کہ معلومات کو مندرجہ امور کے حوالے سے کیسے برتا جاتا ہے:

- والدین کا طلباء کو دیئے گئے مختلف جائزوں میں شرکت سے پہلے معائنے ، اور رضا مندی یا علیحدہ کرنے کا حق ۔
- والدین کا تعلیمی نصاب کے حصے کے طور پر استعمال کیئے گئے تدریسی مواد کے معائنے کا حق ۔
- FCPS کے طالبعلم کے تعلیمی ریکارڈز کو محفوظ کرنے ، برقراررکھنے اور جاری کرنے ، بشمول والدین اور اہل طالبعلم کے ایسے ریکارڈز کے معائنے سے متعلق قواعد کا انکشاف، ایسے ریکاڈرز میں ترمیم کی درخواست اور طالبعلم کے بارے میں ڈائریکٹری کی معلومات کے اظہار سے علیحدگی ۔
- FCPS' طالبعلم کی گریجویشن کی تصاویر یا دیگر تجارتی مقاصد کی معلومات کے بارے میں FCPS کا انکشاف اور والدین اور اہل طلباء کو اس انکشاف سے علیحدہ کرنے کا حق ۔
- FCPS' کا سیکنڈری اسکول کے طالبعلموں کے نام ، پتے، اور ٹیلی فون نمبرز کو فوجی بھرتی کاروں کو جاری کرنے اور والدین اور طالبعلموں کا اس انکشاف سے علیحدہ کرنے کا حق ۔
- والدین کا اپنے بچے کو ایسے کسی جسمانی معائنے سے علیحدہ کرنے کا حق جس کی ریاستی قانون کے تحت ضرورت نہیں ۔
- FCPS کا تعلیمی کونسلنگ پروگرام اور والدین کا اپنے بچے کو تعلیمی یا کیرئیر کونسلنگ اور/ یا سماجی یا جذباتی کونسلنگ میں شرکت کرنے سے علیحدہ کرنے کا حق ۔
- طالبعلموں کی Library Equity Access Pass Project میں شرکت اور والدین کا اس پروگرام میں شرکت سے انکار کرنے کا حق ۔
- والدین کا اپنے بچہ کو Tutor.com تک رسائی سے علحیدہ کرنے کا حق ۔
- طالبعلموں کی Social and Emotional Learning Screener میں شرکت اور والدین کا اس اسکرینر میں شرکت سے انکار کرنے کا حق ۔
- وہ عمل جس کے ذریعے والدین اور طلباء شکایات درج کروا سکتے ہیں اگر انہیں یقین ہو کہ اوپر بیان کیئے گئے حقوق کی خلاف ورزی کی گئی ہے ۔

سروے ، ریکارڈز، نصاب ، رازداری اور متعلقہ حقوق کے سالانہ نوٹس اورعلیحدگی کے فارم (سالانہ نوٹس) میں ، FCPS ان علیحدگی کے انتخابات کیلئے استعمال ہونے والے فارمز کے ساتھ ساتھ اوپر بیان کیئے گئے حقوق کی وضاحت کرتا ہے ۔ سالانہ نوٹس کے دو نسخے دستیاب ہیں—ایک K-8 ورژن اور ایک گریڈز 9-12 ورژن ۔ وہ والدین جن کے بچے مختلف گریڈز لیول میں ہیں انہیں اس سالانہ نوٹس کا ہر ہر اطلاقی نسخہ پڑھنا چاہیے کیونکہ گریڈ لیول کے لحاظ سے ، نوٹس اور علیحدگی کے حقوق مختلف ہوتے ہیں ۔

مکمل سالانہ نوٹس آپٹ آؤٹ کتابچوں کی آن لائن رسائی کیلئے (PDF ریڈر درکار ہے)

- **http://www.fcps.edu پرجائیے اور آپٹ آؤٹ کتابچے تلاش کیجیئے**

- **K-8 یا 9-12 ورژن منتخب کیجیئے ۔**

والدین اپنے بچے کے اسکول میں پرنسپل کے دفتر سے کاغذی نقل کی درخواست بھی کر سکتے ہیں ۔ اگر آپ اپنے بچے کو اوپر بیان کی گئی کسی بھی سرگرمی سے علیحدہ کرنا چاہتے ہیں ، تو آپ کو **متعلقہ فارمز بھرنا چاہیئے اور اسے واپس اپنے بچے کے اسکول بھیجنا چاہیئے** ۔

Fairfax County Public Schools
Office of the Superintendent
8115 Gatehouse Road
Falls Church, VA 22042